سوال

نماز میں آنکھیں بند کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خشوع کے ارادہ سے نماز میں آنکھوں کو بند کرنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فقہاء کے مکروہات نماز میں آنکھوں کے بند کرنے کو بھی ذکر کیا ہے کیونکہ یہ یہودیوں کا فعل ہے اوراس سے نیند آنے کا اندیشہ ہوتا ہے (منارالسبیل) وغیرہ میں بھی اسی طرح لکھا ہے لیکن اگراس سے دل زیادہ متوجہ ہوخشوع وخضوع زیادہ پیدا ہو سہو نسیان سے زیادہ دوری ہواور وسوس سے بچ سکے تو یہ جائز ہے کیونکہ دل بھی اسی کے تابع ہوتا ہے جس پر نظر پڑتی ہے لیکن یاد رہے کہ نمازی کو حکم ہے کہ اس کی نظر سجدہ کی جگہ پر ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص383

محدث فتویٰ